Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# سوشل سکیورٹی اسکاٹ لینڈ کے بینیفٹس یعنی مالی وظائف کے بارے میں رہنمائی

سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ سکاٹش حکومت کی ایک ایگزیکٹو ایجنسی ہے۔ ہم اسکاٹ لینڈ میں سوشل سیکورٹی پیمنٹ کی فراہمی کے ذریعے لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔

سوشل سیکورٹی ایک انسانی حق ہے اور ہماری سروس لوگوں کے ساتھ وقار، انصاف اور احترام کے ساتھ برتاؤ پر مبنی ہے۔

ہم اب مختلف افراد کے لیے بینیفٹس فراہم کرتے ہیں، جن میں معذور افراد، دیکھ بھال کرنے والے، نوجوان افراد، بزرگ افراد اور خاندان شامل ہیں۔

**16 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے**

یونیورسل کریڈٹ یا دیگر کوالیفائنگ بینفٹس یعنی اہل بنانے والے مالی وظائف حاصل کرنے والے افراد پانچ فیملی ادائیگیوں کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

**بیسٹ سٹارٹ گرانٹ اینڈ بے بی پیمنٹ**

پہلے بچے کے لیے £767.50 ادائیگی اور دوسرے بچوں کے لیے £383.75پاونڈ۔ لوگ حمل کے 24ویں ہفتے کے اختتام سے لے کر ان کا بچہ 6 ماہ کا ہونے تک درخواست دے سکتے ہیں۔

**بیسٹ سٹارٹ گرانٹ ارلی لرننگ پیمنٹ**

£319.80 کی ادائیگی جب ایک بچہ 2 سے 3.5 سال کی عمر کے درمیان ہو۔ لوگ اب بھی ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں اگر ان کا بچہ نرسری میں جگہ نہیں لے رہا ہے۔

**بیسٹ سٹارٹ گرانٹ سکول ایج پیمنٹ**

£314.45 کی ادائیگی جب بچہ پہلی بار اسکول شروع کرنے کے لیے کافی بڑا ہوتا ہے۔ ادائیگی حاصل کرنے کے لیے آپ کو اسکول میں جگہ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**بیسٹ سٹارٹ فوڈز**

حمل سے لے کر بچے کے 3 سال کی عمر تک صحت مند کھانا خریدنے کے لیے پری پیڈ کارڈ پر ہر 4 چار ہفتے بعد رقم۔

**سکاٹش چائلڈ پیمنٹ**

آپ کے 16 سال سے کم عمر کے ہر بچے کے لیے ہر 4 ہفتوں میں £108.60 کی ادائیگی۔

**کام کی جگہ میں داخل ہونے والے نوجوانوں کے لیے**

**جاب اسٹارٹ پیمنٹ**

£319.80 ہے جو 16 سے 24 سال کے افراد کو نئی نوکری شروع کرنے کے اخراجات میں مدد دینے کے لیے دی جاتی ہے۔ ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جو 6 ماہ یا اس سے زیادہ عرصے سے کچھ بینیفٹس یعنی مالی وظائف حاصل کر رہے ہیں اور بے روزگار ہونے کے بعد کام پر واپس آ رہے ہیں۔ بچوں والے افراد کو £511.65 ملے گا۔

**ان لوگوں کے لیے جنہیں جنازے کی ادائیگی میں مدد کی ضرورت ہے**

**فیونرل سپورٹ پیمنٹ**
جنازے کے کچھ اخراجات کو پورا کرنے میں مدد کے لیے ایک رعایتی ادائیگی۔ یونیورسل کریڈٹ یا دیگر کوالیفائنگ بینیفٹس یعنی اہل بنانے والے مالی وظائف حاصل کرنے والے لوگوں کے لیے۔

**لوگوں کو اپنے گھروں کو گرم کرنے میں مدد کرنے کے لیے**

**چائلڈ ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ**
£251.50 سال میں ایک بار معذور بچوں اور نوجوانوں کو ادا کی جاتی ہے جو کوالیفائنگ بینفٹس یعنی اہل بنانے والے مالی وظائف حاصل کرتے ہیں۔

**ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ**
£59.75 کی سالانہ ادائیگی جو ان لوگوں کو مخصوص بینیفٹس یعنی مالی وظائف حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لیے خود بخود ادا کی جاتی ہے ۔

**دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے**

**کیئرر سپورٹ پیمنٹ**
لوگوں کی مدد کرنے کے لیے رقم اگر وہ بلا معاوضہ دیکھ بھال کرنے والے ہوں۔ اہل ہونے کی صورت میں وہ £83.30 فی ہفتہ حاصل کر سکتے ہیں۔

**کیئررز الاؤنس سپلیمنٹ**
ان لوگوں کے لیے ایک اضافی ادائیگی جو کیئرر سپورٹ پیمنٹ حاصل کر رہے ہیں۔ اس کی ادائیگی خود بخود ادا ہو جاتی ہے۔

**ینگ کیئررز گرانٹ**
16، 17 اور 18 سال کے بچوں کے لیے سال میں ایک بار £390.25 کی ادائیگی جو ہفتے میں تقریباً 16 گھنٹے معذوری کا بینیفٹ یعنی مالی مدد حاصل کرنے والے کسی کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

**معذور افراد کے لیے**

**چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ**
ایک ایسے بچے کی دیکھ بھال کے اضافی اخراجات میں مدد کرنے کے لیے رقم جو معذور ہے، جان لیوا بیماری میں مبتلا ہے یا جس کو صحت کا طویل مدتی عارضہ لاحق ہے۔

**آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ**
معذور ہونے، طویل مدتی صحت کی حالت یا جان لیوا بیماری کے ساتھ آنے والے اضافی اخراجات میں مدد کے لیے رقم۔

**پینشن ایج ڈیس ایبلٹی پیمنٹ**
وہ اضافی رقم ہے جو ان لوگوں کو دی جاتی ہے جنہوں نے ریاستی پینشن کی عمر حاصل کر لی ہے اور جنہیں معذوری یا طویل المدتی صحت کے مسئلے کی وجہ سے دیکھ بھال کی ضرورت ہے، یا جو کسی جان لیوا بیماری میں مبتلا ہیں۔

**میں کیسے درخواست دوں؟**
آن لائن درخواست دینے کے لیے **mygov.scot/benefits** ملاحظہ کریں۔ یا فون پر درخواست دینے کے لیے ، کاغذی درخواست فارم کی درخواست کرنے کے لیے یا کسی ایسے وقت اور جگہ پر جو آپ کے لیے مناسب ہو اپوائنٹمنٹ بُک کرنے کے لیے، ہمیں **0800 182 2222** پر مفت میں کال کریں۔

**لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟**

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: (ان کیلئے جنہیں سماعت کا مسئلہ ہو) 4000 244 0300+ 18001

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ:chat.socialsecurity.gov.scot

**سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں**